



"وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً"

[لقمان :20]



## جادو کا علاج

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ
اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

پھر جب انہوں نے (رسیاں اور لاٹھیاں) ڈال دیں تو موسیٰ نے کہا جو کچھ تم لائے ہو یہ تو جادو ہے، بے شک اللہ اسے جلد باطل کر دے گا، بے شک اللہ فساد کرنے والوں کا کام درست نہیں کرتا۔ اور اللہ حق کو اپنے کلمات سے سچا ثابت کر دکھاتا ہے اگرچہ مجرم ناپسند کریں۔

یونس:81-82

### جادو سے شفاء دینے والی آیات

· ایک برتن میں پانی لے کر اس پر یہ آیتیں پڑھ کر دم کر دیں جائیں اور جس پر جادو کر دیا گیا ہو اس کے سر پر وہ پانی بہا دیا جائے

اللہ کی حکمت اور سنت ہی نہیں ہے کہ حق کے مقابلے میں باطل ٹھہر سکے



## مقصد تخلیق اور بخشش کی دعا

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا
تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ
اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۚ
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ
وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

کیا بھلا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں یونہی بے کار پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے؟ پس بہت بلند ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، عزت والے عرش کا رب ہے۔ اور جو اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود پکارتا ہے جس کے پاس اس کے لیے کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب ہی کے پاس ہے، بے شک کافر فلاح نہیں پاتے۔ اور کہہ دیجیے: اے میرے رب! بخش دے اور رحم فرما، اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے۔

# شفا کی دعائیں

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۚ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

کیا بھلا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں یونہی بے کار پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے؟ پس بہت بلند ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، عزت والے عرش کا رب ہے۔ اور جو اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود پکارتا ہے جس کے پاس اس کے لیے کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب ہی کے پاس ہے، بے شک کافر فلاح نہیں پاتے۔ اور کہہ دیجیے: اے میرے رب! بخش دے اور رحم فرما، اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے۔

ابن قیم کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ شیخ (ابن تیمیہ رحمہ اللہ) نے مجھے بتایا کہ انہوں نے یہ آیت جن زدہ کے کان میں پڑھی تو جن نے بڑی اونچی آواز میں جواب دیا کہ ہاں! ہم اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

- یہ سن کر شیخ نے چھڑی پکڑ کر اس کی گردن کی رگوں میں مارنا شروع کیا۔ اس وقت جن بولا کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔
- شیخ نے کہا کہ وہ تو تجھ سے محبت نہیں کرتا۔
- جن نے کہا میں اسے حج کرانا چاہتا ہوں۔ شیخ نے کہا یہ تمہارے ساتھ حج بھی نہیں کرنا چاہتا۔
- تب جن نے کہا کہ میں آپ کی عزت و تکریم اور بزرگی کی وجہ سے اسے چھوڑ دیتا ہوں۔ شیخ نے کہا کہ نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہوئے اسے چھوڑ۔
- جن نے یہ بات مان لی اور کہا کہ میں اسے چھوڑتا ہوں اور باہر نکل گیا۔ پھر وہ مریض اٹھ کر بیٹھ گیا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا اور لوگوں سے پوچھنا شروع کر دیا کہ مجھے کیا ہوا تھا، شیخ کو کیوں بلایا گیا ہے؟ میں نے تو کوئی گناہ بھی نہیں کیا پھر شیخ مجھے کیوں مارنے لگے ہیں؟ حالانکہ اسے یہ علم ہی نہیں تھا کہ اسے تو مار پڑ چکی ہے۔

یہ تمام آیات توحید پر مشتمل ہیں

جادو شرک ہے

- ایک یہ کہ اس میں شیاطین سے مدد لی جاتی ہے، ان کے ساتھ تعلق قائم کیا جاتا ہے اور ان کا تقرب حاصل کرنے کے لیے ہر وہ کام کیا جاتا ہے جو انہیں پسند ہوتا کہ وہ جادوگر کا تعاون کریں۔
- اور دوسرے یہ کہ اس میں (جادوگر کی طرف سے) علم غیب کا دعویٰ کیا جاتا ہے یہ کفر اور گمراہی ہے۔

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.



## جادو کا علاج

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

پس عنقریب ان کے مقابلے میں اللہ آپ کو کافی ہو جائے گا اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔

البقرۃ:137

دعائیں

مخالفین کی فکر نہیں کرنی چاہیے بلکہ اللہ پر بھروسا رکھنا چاہیے

- فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ میں آپ ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ اپنے مخالفوں کی زیادہ فکر نہ کریں، ہم خود ان سے نمٹ لیں گے۔



## جادو کا علاج

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝

اور جب آپ قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور ان لوگوں کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک مخفی پردہ ڈال دیتے ہیں۔

الاسرآء:45

یہ آیت ان مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی تھی جو رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ ابو جہل اور ابو لہب کی بیوی ام جمیل وغیرہ، لیکن رسول اللہ ﷺ ہجرت کی رات قرآنی آیات پڑھتے ہوئے اور دشمنوں کے سروں پر مٹی ڈالتے ہوئے نکل گئے اور کسی نے آپ کو نہیں دیکھا۔



## جادو کا علاج

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا
فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

اور ہم نے ان کے سامنے ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار بنا دی پھر ہم
نے انہیں ڈھانک دیا پس یہ دیکھ نہیں پاتے۔

یٰس:9

خطیب نے لکھا ہے کہ ان آیتوں کی برکت سے اللہ تعالیٰ نبی کریم کو مشرکین کی نگاہوں سے اوجھل کر دیتا تھا،

- قرطبیؒ نے ان آیتوں کے ساتھ سورۃ یسین کی ابتدائی آیتوں کا (فھم لا یبصرون) تک اضافہ کیا ہے،
- اس لیے کہ روایات سے ثابت ہے کہ ہجرت کی رات اپنے گھر سے نکلتے وقت آپ انہی آیتوں کی تلاوت کرتے رہے اور دشمنوں کے سروں پر مٹی ڈالتے ہوئے نکل گئے اور کسی نے آپ کو نہیں دکھا

# شفا کی دعائیں



## سورۃ الفلق

بِسْمِ اللَّـهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ
فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

[ 3X ]

کہہ دیجئے! میں صبح کے رب کی پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے اور اندھیری رات کی تاریکی کے شر سے جب وہ پھیل جائے، اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے، اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے (تین بار)



## سورۃ الناس

بِسْمِ اللَّـهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلَـٰهِ
النَّاسِ ۝ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي
يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

[ 3X ] ۝

کہہ دیجئے! میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں لوگوں کے مالک کی لوگوں کے معبود کی وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پلٹ کر آنے والے کے شر سے وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے جنوں اور انسانوں میں سے (تین بار)

معوذ تین کے ذریعے پناہ طلب کرنا سانس، خوراک اور لباس سے زیادہ ضروری اور اہم ہے

· امام ابن القیم رحمہ اللہ معوذ تین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) کے بارے میں فرماتے ہیں:


· "کوئی بھی شخص ان دونوں سورتوں سے بے نیاز نہیں رہ سکتا،

· ان دونوں سورتوں میں جادو، نظرِ بد اور ہر قسم کی آفات و بلاؤں کو دور کرنے کی خاص تاثیر ہے،

ہر صبح و شام ان کی تلاوت کرنے سے جادو نقصان نہیں پہنچا سکتا

مسلسل ان سورتوں کی تلاوت کرے تو جادو کا اثر زائل ہو جاتا ہے

# شفا کی دعائیں



## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمَ
مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ
بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا
عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَاَ
وَذَرَاَ

میں اللہ کے عظیم چہرے کی پناہ لیتا ہوں جس سے عظیم کوئی اور چیز نہیں ہے۔
اور اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ (پناہ لیتا ہوں) جن سے کوئی نیک اور فاجر
آگے نہیں بڑھ سکتا اور اللہ کے تمام اسمائے حسنیٰ کے ساتھ (پناہ لیتا
ہوں) جنہیں میں جانتا ہوں اور جنہیں میں نہیں جانتا اس چیز کے شر سے جسے
اس نے پیدا کیا، بنایا اور پھیلایا۔

# شفا کی دعائیں

## بیماری کے دوران مریض کے کرنے کے کام

· بیماری کی حالت میں مریض کو چاہیے کہ وہ مندرجہ ذیل امور کو لازم کرلے:

· تقدیر پر راضی رہنا۔
· اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسنِ ظن رکھنا۔
· امید اور خوف کے درمیان رہنا۔
· شیطان کے وسوسوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ لینا۔
· استغفار کرنا۔
· صدقہ کرنا۔
· طہارت اور پاکیزگی کا اہتمام کرنا۔
· نمازوں کی حفاظت کرنا۔
· روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کرنا خواہ چند آیات ہی ہوں۔
· دعاؤں کی کتابیں اور تیمم کی مٹی وغیرہ اپنے بستر کے قریب رکھنا۔
· علاج کروانا_ پرہیز کرنا_ بروقت اور پر سکون نیند لینا
· حجامہ کروانا
· نظر اور جادو سے بچاؤ کے لئے بیری کے پتوں سے غسل کا اہتمام کرنا
· نظر یا جادو کے علاج کے لیے خود دم کرنا یا کسی دوسرے شخص سے دم کروانا۔
· کلینک کے باہر اور دیگر انتظار گاہوں میں وقت ضائع نہ کرنا بلکہ ان اوقات میں تسبیحات، دعائیں اور دیگر اذکار میں مصروف رہنا۔

· دوسروں کے لیے دعا کرنا کیونکہ بیماری میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔
· قدرتی غذاؤں کا اہتمام کرنا
  · • دودھ • گوشت • نبیذ • زیتون • انجیر
  · • کھجور • تلبینہ اور ثرید • جو • کلونجی • شہد
  · • آب زم زم • پانی کا بکثرت استعمال
  · • جلد کی بیماریوں کے لیے مہندی کا استعمال • سنا مکی اور سنوت
  · • کھمبی • عودِ ہندی
· شہادت کی دعا کرنا
· وصیت تحریر کرنا
· صحیح بخاری کی کتاب المرضٰی سے استفادہ کریں۔
· الھدٰی پبلی کیشنز کی کتاب ''۔ مریض کے احکام'' اور ''حسنِ صحت'' کا مطالعہ کریں۔
· ''آیات سکینہ'' اور ''آیات شفا'' کارڈ سے بھی استفادہ کریں۔

# شفا کی دعائیں

## شفا ملنے پر کرنے کے کام

- شفایابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا۔
- شفا کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنا۔
- بیماری میں جن نیک کاموں کی نیت کی انہیں پورا کرنا۔
- اسی طرح مریض کو چاہیے کہ وہ چند کاموں سے اجتناب کرے مثلاً:
- بیماری کو برا بھلا کہنا
- شکوہ و شکایت کرنا
- کسی گناہ کے کفارہ کے طور پر بیماری کو طول دینے کی دعا کرنا
- موت کی خواہش کرنا
- مصنوعی غذائیں مثلاً بیکری کی اشیاء، سفید چینی اور بازار کے کھانے وغیرہ

- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَا أَنْزَلَ اللَّهُ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً [صحيح البخاری:5678]

- اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا مرض نہیں اُتارا جس کے لیے شفا نہ رکھی گئی ہو۔

